



# تیلدار فصلات کی کاشت

## سفارشات برائے جدید پیداواری ٹیکنالوجی

| نام فصل | زمین کی تیاری | وقت کاشت | ترقی دادہ اقسام | مقدار تخم فی ایکڑ | طریقہ کاشت | کھادوں کا استعمال فی ایکڑ | آبپاشی | جڑی بوٹیوں کا تدارک | اہم کیڑے | اہم بیماریاں | برداشت | ذخیرہ کرنا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
|  سرسوں | نہری علاقہ جات:<br>دومرتبہ ہل+سہاگہ+ پانی<br>وترآنے پر دومرتبہ ہل + سہاگہ<br>بارانی علاقہ جات:<br>بارش کے بعد ہل + سہاگہ دیں | پہاڑی علاقے:<br>15 ستمبر تا 31 اکتوبر<br>میدانی علاقے:<br>یکم تا 31 اکتوبر | اباسین 95، درنیفا، نیفارایا، نیفا گولڈ، حسنین 2013، ظہور، اسلام | قطار: ۲ کلوگرام<br>چھٹا: ۳ کلوگرام<br> | قطاروں کا فاصلہ:<br>30 تا 40 سینٹی میٹر<br>پودوں کا فاصلہ: ۴ تا ۵ سینٹی میٹر<br>بیج کی گہرائی: ۲ تا ۳ سینٹی میٹر | بوقت کاشت:<br>1 بوری DAP + 0.5 بوری یوریا<br>0.5 بوری یوریا پھول کھلنے سے پہلے | پہلا پانی: 30 تا 45 دن بعد<br>دوسرا پانی: شگوفے بننے پر<br>تیسرا پانی: پھول آنے پر<br>چوتھا پانی: تخم بننے پر | پہلی گوڈی پہلا پانی لگانے سے پہلے دوسری گوڈی پہلا پانی لگانے کے بعد | گوبھی سنڈی، لشکری سنڈی، سست تیلہ، چست تیلہ، ملی بگ سرسوں کی آرا مکھی، | جراثیمی جلساؤ، سفید کنگھی تنے کا گلنا یا جھلساؤ، سفوفی پھپھوندی | 30 تا 40 فی صد تخم کا رنگ بھورا ہو۔<br>دھوپ میں خشک۔ | نمی کی مقدار 8 فی صد۔ گوداموں کی دھونی کریں۔ |
|  سورج مکھی | بھاری میرا زمین۔<br>1 گہرا ہل+ کلٹیویٹر + سہاگہ۔<br>ہموار کھیت<br> | بہاریہ: فروری تا وسط مارچ<br>خزاں: یکم جولائی تا 15 اگست<br> | پارک E-92، پشاور 93، ہائی سن 33، ہائی سن 37، سوات، ترناب 1، ترناب 2، سن کم 92، سن کم 110، نور | ہائبرڈ:<br>2-2.5 کلوگرام<br>عام اقسام:<br>4 کلوگرام | پلانٹر + رجر<br>قطاروں کا فاصلہ: 2 تا 2.5 فٹ<br>پودوں کا فاصلہ 9 تا 10 انچ<br>بیج کی گہرائی: 2 انچ | 1 بوری DAP + 1 بوری پوٹاش + آدھی بوری یوریا بوقت کاشت۔<br>ایک بوری یوریا پھول نکلنے سے پہلے | پہلا پانی: 30 دن بعد<br>دوسرا: ڈوڈیاں بننے وقت۔<br>تیسرا: پھول کھلتے وقت<br>چوتھا: بیج بنتے وقت۔<br>پانچواں: چوتھے پانی کے 2 ہفتے بعد۔ | گوڈی + چھدرائی کریں۔<br> | ٹوکا، سفید مکھی، ملی بگ تیلہ، لشکری سنڈی، امریکن سنڈی، چور کیڑا، | جڑ یا تنے کی سڑن، پھول یا بیج کی سڑن، پتوں کا جھلساؤ، روئیں دار پھپھوندی سفوفی پھپھوند | پھول کی پشت زرد ہونا، پتیاں بادامی ہو جائیں، گہائی کریں، دھوپ میں سکھائیں۔ | نمی کا تناسب 8 فی صد سے زیادہ نہ ہو، خشک اور صاف جگہ پر ذخیرہ کریں۔ |
|  تل | ہلکی ریتلی، درمیانی میرا زمین۔<br>بارش کے بعد دو بار ہل + سہاگہ<br> | 15-31 جولائی<br> | تل 89، TS-3<br>HS ، S17<br>P-37-40<br> | 2 کلوگرام<br> | ٹریکٹر ڈرل<br>قطاروں کا فاصلہ:<br>45 تا 60 سینٹی میٹر<br>پودوں کا فاصلہ:<br>10 تا 15 سینٹی میٹر<br>بیج کی گہرائی: 2 انچ | (بوقت کاشت)<br>1 بوری DAP + 0.5 بوری یوریا<br>پہلی آبپاشی پر 0.5 بوری یوریا | پہلا پانی:<br>اُگاؤ کے 15-20 دن بعد<br>دوسرا پانی: 20-25 دن بعد<br>تیسرا پانی: پھول آنے پر<br>چوتھا پانی: حسب ضرورت | بارانی علاقے: بوقت چھدرائی<br>نہری علاقے: پہلی گوڈی پہلے پانی کے وتر آنے پر، دوسری گوڈی دوسرے پانی کے ساتھ۔ | سفید مکھی، تل کی مکھی، پتہ لپیٹ سنڈی، تل ماتھ | پھپھوندی، جرا جھلساؤ، جڑ کا سوکھا۔ | 100-120 دن میں پک کر تیار، پھلیاں اور پودا تین چوتھائی زرد ہو، دھوپ میں خشک کریں، گہائی کریں، دھوپ میں سکھائیں۔ | نمی کا تناسب 8 فیصد سے کم ہو۔<br> |
|  زیتون | گہرا ہل، 2×2×2 فٹ کے گڑھے کھودیں، 1/3 بالائی مٹی علیحدہ کریں، گڑھے دو ہفتے تک کھلے چھوڑیں، بالائی مٹی دو حصے + گوبر کی گلی سڑی کھاد ملا کر گڑھے میں ڈال دیں۔<br>2-3 ہفتے بعد پودے لگائیں | وسط فروری تا مارچ<br>یا<br>مون سون کے بعد<br>( اگست تا ستمبر) | باری زیتون 1، باری زیتون 2، فرانتوئیو، کورائیکی، کالاماتا، چکوئی، کورالینا، آربیکونا، لیسینو۔<br> | 110 پودے فی ایکڑ،<br> | قطاروں کا فاصلہ: 22 فٹ،<br>پودوں کا فاصلہ: 18 فٹ،<br>بذریعہ پیوندکاری کی صورت میں پیوند کا جوڑ کاشت کے وقت زمین کے باہر ہو۔ | 50 گرام یوریا فی پودہ پہلے سال استعمال کریں۔<br>دوسرے سال 50 گرام یوریا + 50 گرام DAP فی پودا ڈالیں۔<br>ہر سال اس کی مقدار اس کے حساب سے بڑھاتے جائیں۔ | چار سال تک کے پودوں کو 10-15 دن کے وقفے سے آبپاشی کریں، پھل بننے کے بعد اور پھل پکنے سے ایک ماہ قبل آبپاشی ضرور کریں۔ | کیمیائی انسداد اور گوڈی سے<br> | تیلہ، بارک بیٹل، زیتون کی مکھی، وولی ایفڈ<br> | لیف سپاٹ، کنکر، بیکٹیریل راٹ۔<br> | پھل کا رنگ آدھا جامنی اور آدھا سبز ہو یعنی موسم خزاں کے آخر میں۔ | ٹوکریوں میں رکھ کر 24 گھنٹوں میں تیل نکالنے کے لئے مناسب جگہ لے جائیں۔ |
|  سویابین | زرخیز میرا زمین،<br>2 بار ہل + سہاگہ | خزاں فصل: مئی تا جون،<br>بہاریہ فصل: 15 فروری تا 15 مارچ | NARC-1 ، سوات-81، NARC-2، فیصل آباد-83، فیصل آباد-84، ملاکنڈ-94 | 30-40 کلوگرام<br> | ڈرل بہاریہ -<br>قطاروں کا فاصلہ: 30 سینٹی میٹر،<br>خزاں -<br>قطاروں کا فاصلہ: 45 سینٹی میٹر،<br>پودوں کا فاصلہ: 3 تا 5 سینٹی میٹر،<br>بیج کی گہرائی: 5-7 سینٹی میٹر۔ | بوقت کاشت : 1 بوری DAP + 1 بوری پوٹاشیم سلفیٹ + 1/2 بوری یوریا<br>پھول کھلنے سے پہلے 1/2 بوری یوریا | بہاریہ 6-7،<br>خزاں 3-4، پہلا پانی اُگاؤ کے 3-4 ہفتے بعد،<br>دوسرا پھلیاں بنتے وقت،<br>تیسرا بیج بنتے وقت۔ | پہلی گوڈی پہلے پانی کے بعد، دوسری گوڈی دوسرے پانی کے بعد۔ | تیلہ، سفید مکھی<br> | جراثیمی جھلساؤ، تنے کی سڑن، پتوں کا مرجھاؤ، روئی دار پھپھوندی۔ | 90-100 دنوں میں تیار، پتے زرد ہو جائیں، پھلیاں زرد خاکستر بھوری ہو جائیں۔ نمی 15 فیصد ہو، خشک کریں، گہائی کریں۔ | بیج میں نمی 8 فیصد سے کم ہو<br> |
|  مونگ پھلی | ریتلی میرا زمین،<br>بارش کے بعد ہل + سہاگہ<br>تخم کو پھپھوندکش زہر لگائیں۔<br> | یکم تا 30 اپریل<br>بارش کی کمی کی صورت میں مئی کے آخر تک۔ | باری 2000، باری 2011، باری 2016، بارڈ 499، پھوہار 2007،<br> | 50 کلوگرام پھلی<br>30 کلوگرام گریاں | پورا یا ڈرل<br>قطاروں کا فاصلہ:<br>60 تا 75 سینٹی میٹر<br>پودوں کا فاصلہ:<br>20 تا 25 سینٹی میٹر<br>بیج کی گہرائی: 5-7 سینٹی میٹر | (بوقت کاشت)، 1 بوری DAP ، 0.5 بوری پوٹاش<br>پہلی آبپاشی: 0.5 بوری یوریا۔<br>پھول آنے پر 200 کلوگرام جپسم فی ایکڑ استعمال کریں۔<br> | پہلا پانی: 3-4 ہفتے بعد،<br>دوسرا پانی: پھول آنے پر۔<br> | پہلی گوڈی:<br>کاشت کے 3 ہفتے بعد،<br>دوسری گوڈی:<br>پھول نکلتے وقت۔ | سفید مکھی، ٹوکا، بالدار سنڈی، دیمک۔<br> | جڑ یا تنے کی سڑن، پھلی کی سڑن، ڈاؤنی اور پاؤڈری ملڈیو، لیف سپاٹ، کالر راٹ، پودوں کی سیاہ دھبے والی بیماری، بیج کی پھپھوندی | پتے خشک ہو کر گرنا شروع ہو جائیں۔ پھلیوں کے چھلکے کا اندرونی حصہ گہرے بھورے رنگ کا ہو جائے، گریاں گلابی ہو جائیں، چھلکا سخت ہو، 40-45 فیصد نمی ہو، خشک کریں۔ | نمی کا تناسب 8 فیصد سے کم ہو۔<br> |

تیل دار فصلات میں کیڑوں، بیماریوں اور جڑی بوٹیوں کے بوقت تدارک کیلئے اپنے علاقے کے قریبی زراعت دفتر سے رجوع کریں یا مزید معلومات کیلئے کال سنٹر نمبر 03481117070 پر رابطہ کریں۔

شائع کردہ: بیورو آف ایگریکلچر انفارمیشن محکمہ زراعت شعبہ توسیع خیبر پختونخوا پشاور